BRAMPTON
Flower City
brampton.ca

media release

19 جنوری 2018

ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کو ایک شاندار اور کایا پلٹ تبدیلی کے لیے منتخب کر لیا گیا ہے

گلیوں کے نظاروں کو دلکش بنانے کے پروجیکٹ کو منسٹری نے اجازت دے دی ہے

برامپٹن، آن - بڑے زبردست کام ہونے والے ہیں۔ سٹی آف برامپٹن کو منسٹری آف انوائرنمنٹ اینڈ کلائیمیٹ چینج کی جانب سے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن اسٹریٹ اسکیپنگ انوائرنمنٹ اسیسمنٹ پروجیکٹ، جسے ڈاؤن ٹاؤن ری امیجنڈ بھی کہا جاتا ہے، کو شروع کرنے کی منظوری موصول ہو گئی ہے۔ اس فیصلے سے سٹی اپنے شہر کی گلیوں کے نظاروں کو دلکش بنانے کے مفصل ڈیزائن پر کام شروع کر دے گا اور چوکوں اور چوراہوں کو بھی ماحولیاتی تشخیص کے مطابق مزین کیا جائے گا۔ تاہم، یہ شرط بھی عائد کی گئی ہے کہ بھاری لوڈ والے زونز اور پارکنگ کے قابل رسائی مقامات کو موزوں بنایا جائے تاکہ وہ سائیکل سواروں کے لیے مختص کردہ لین کی راہ میں رکاوٹ نہ بنیں۔

ڈیزان کے مرحلے میں پیش رفت کے دوران آنے والے مہینوں میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو ڈیزان کی "وضح اور احساس" کے انتخابات دکھائے جائیں گے اور انہیں اپنی فیڈبیک فراہم کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ ڈاؤن ٹاؤن ری امیجنڈ کا مقصد جمالیاتی طور پر ایک خوبصورت ماحول پیدا کرنا ہے تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کی تزئینِ نو کے خاکے میں بہتری لانے اور اس کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کی کوششوں میں تیزی لائے جائے۔ اس پراجیکٹ کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

- گلیوں کو ایسا بنایا جائے کہ ان پر لوگ آسانی سے چل سکیں اور ڈاؤن ٹاؤن میں پیدل چلنے والے افراد کی گنجائش میں اضافہ ہو
- گلیوں کو سجایا جائے تاکہ یہ ایک جاذب نظر منزل کا نظارہ پیش کریں
- پیدل چلنے والے افراد، سائیکل سواروں اور موٹر کاروں کو ایک محفوظ اور آسان ماحول مہیا کیا جائے
- عوامی خواہشات کے مطابق سہولیات اور خدوخال میں اضافہ کیا جائے

ڈاؤن ٹاؤن ری امیجنڈ کو ریجن آف پیلز ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کیپیٹل پروجیکٹ فیز 1 کے ساتھ ربط میں چلایا جا رہا ہے، جو کہ کئی سالوں پر محیط ایک پروجیکٹ ہے جس کے ذریعے پرانے انفراسٹرکچر کو تبدیل کر دیا جائے گا اور ڈاؤن ٹاؤن کے بنیادی ڈھانچہ میں موجود فراہمی آب کی بڑی لائنوں اور نکاسی آب و سیوریج کے نظام کو نئے سرے سے قابل استعمال بنایا جائے گا یا انہیں تبدیل کر دیا جائے۔ پروجیکٹ کے تحت تعمیرات کے آغاز کی توقع 2018 کے موسم خزاں میں کی جا رہی ہے۔

پچھلے سال کے دوران اس پراجیکٹ کے متعلق معلومات کے حصول کے حوالے سے کئی سرگرمیاں انجام دی جا چکی ہیں۔ ان میں شامل ہیں بناوٹ کے متعلق سرگرمیاں، دیگر یوٹیلیٹی اداروں سے رابطے اور ڈاؤن ٹاؤن کے کاروباروں کے لیے ایمبیسیڈر پروگرام کا آغاز۔

سٹی آف برامپٹن اور ریجن آف پیلز کا عزم ہے کہ وہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مِل جُل کر کام کریں تاکہ عملی کام کے دوران نظام زندگی میں پیدا ہونے والے ممکنہ خلل میں کمی لائے جائے اور تعمیراتی کاموں کے دوران ٹریفک اور پیدل چلنے والے افراد محفوظ رہیں۔
مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں www.peelregion.ca/downtownbrampton, www.brampton.ca/downtownstreetscaping یا 15 کوئین اسٹریٹ ویسٹ پر ڈاؤن ٹاؤن ری امیجنڈ اسٹور میں تشریف لے جائیں۔

-30-

برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔ ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں فالو کریں ٹویٹر اور فیس بُک۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca

BRAMPTON
Flower City
brampton.ca

media release

میڈیا کنٹیکٹ
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654